ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور جس سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | جمعہ 07 ربیع الاول 1446ھ 21 اگست 2026ء صفحات 08 | شمارہ 40
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | BC-m-1 رجسٹرڈ | قیمت 40 روپے

جمعیت علماء اسلام (ف) متحدہ حزب اختلاف میں شامل

محمود اچکزئی بیرسٹر گوہر اور فضل الرحمن کا مشترکہ جدوجہد کا عزم

مولانا فضل الرحمان کی اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ملاقات مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں، میرے ہاتھ میں ہوتا تو اب تک بانی پی ٹی آئی کا علاج ہو چکا ہوتا، قائد جمعیت

بانس عمران فارمولا کوئی قبول نہیں کریگا، حکومت چند دن کی مہمان ہے، ان ہاؤس تبدیلی سے کچھ نہیں ہوگا، چہرے تبدیل کرنے سے پاکستان تبدیل نہیں ہوگا، محمود خان اچکزئی کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام اور تحریک انصاف کے تحفظ آئین پاکستان کے درمیان متحدہ اپوزیشن کے قیام پر اتفاق ہو گیا ہے جس کا آغاز پارلیمنٹ سے ہوگا۔ سربراہ جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں اپوزیشن اتحاد کا اعلان کیا، جس سے قبل جمعیت علماء اسلام اور اپوزیشن اتحاد کے درمیان اہم ملاقات ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا گیا

پیٹرولیم ڈویژن نے آج کیلئے قیمتوں کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے ہیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ پٹرولیم ڈویژن نے ہیٹرولیم مصنوعات کی 21 اگست کیلئے نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں ایک روپے 64 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کیا گیا جس کے بعد ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

چیف منسٹر بلوچستان محمد کامران مائیل، اجتماعی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ریلوے ٹریک کی مرمت، بلوچستان میں ٹرین سروس معطل

مرمت مکمل ہونے کے بعد ٹرین سروس معمول کے مطابق بحال کر دی جائے گی، ڈکام

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روڑ کے نقطہ نظر کی وجہ سے معطل کر دی گئی، کوئٹہ سے چیلہ جانے والی ٹرین ہفتہ ایکسپریس جعفرات کو روانہ نہیں ہو سکی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق بلوچستان..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

دہلی: بھارتی حکام نے پاکستانی ہائی کمیشن کی سیکورٹی بنا دی

کشمیر سے متعلق امریکی سفیر کے بیان پر احتجاج کے بعد کارروائی کی گئی

نئی دہلی (م ذ) نئی دہلی میں بھارتی حکام نے پاکستان ہائی کمیشن کا بیرونی سیکورٹی حصار ختم کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پاکستانی ہائی کمیشن کی عمارت کے باہر سے رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں اور وہاں..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی کڑی نگرانی

کوئی افسر ذاتی سوشل میڈیا پر سرکاری کام کو تشہیر کیلئے استعمال نہیں کر سکتا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) حکومت نے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی نگرانی شروع کر دی جبکہ نئے سال سروس کنڈکٹ رولز 2026 پر حتمی سے مکمل آمد کرنے کا فیصلہ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور میں فورسز کا آپریشن 5 دہشتگرد ہلاک متعدد زخمی گولہ بارود برآمد

مارے جانے والے دہشت گرد لوٹ مار، اغواء، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے

جدید اسلحہ، گولہ بارود اور 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، آئی ای ڈی ڈیوائس، کالعدم تنظیم کا جھنڈا برآمد کرلیا

دہشتگرد موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر دہشتگردی کی کارروائی کرنے جارہے تھے، جدید ٹیکنالوجی سے نشانہ بنایا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے مچھ میں سکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران 5 دہشتگردوں کو ہلاک اور متعدد کو زخمی کرکے وہاں سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ، گولہ بارود اور 3 گاڑیاں، 2 موٹر سائیکلیں، آئی ای ڈی ڈیوائس، کالعدم..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کے فیصلے پر من و عن عمل کیا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے بیرون ملک بھیجنے کا فیصلہ بھی کیا جا سکتا ہے، وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری

سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل

عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کر دیا گیا

ہسپتال کے اطراف سخت سیکورٹی نافذ

بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سخت سکیورٹی حصار میں اڈیالہ جیل کے گیٹ نمبر ایک سے شفا انٹرنیشنل ہسپتال روانہ کیا گیا، عمران خان کے ہمراہ ذاتی معالج ڈاکٹر فیصل اور بہن ڈاکٹر عظمیٰ بھی تھیں

حکومت بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے عدالتی حکم کی پابند ہے، سپریم کورٹ سے رجوع صرف اس لیے کیا تھا کہ وضاحت مل جائے کہ یہ فیصلہ صرف ایک قیدی کے لیے ہے یا سب کیلئے، وفاقی وزیر

بانی پی ٹی آئی عمران خان سخت سکیورٹی حصار میں اڈیالہ جیل سے شفا انٹرنیشنل اسپتال کیلئے روانہ ہوگئے۔ آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے ہمراہ شفا انٹرنیشنل..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ مانگی ڈیم: تحقیقات میں تمام افراد و ادارے تعاون کریں، کمیشن

تحقیقاتی کمیشن واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے

کارروائی قانونی و تحقیقاتی اصولوں کے مطابق مکمل کی جائے گی، کمیشن کا اعلامیہ جاری

کوئٹہ (ٹ ا ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے قائم کردہ عدالتی تحقیقاتی کمیشن معزز جسٹس محمد عامر نواز رانا ضلع زیارت کے مانگی ڈیم پہنچ گئے۔ کمیشن پر چیئن آنے والے دہشت گردی کے واقعے کی جامع اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کر رہا ہے۔ اعلامیہ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم کی اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت، پی ٹی آئی کا خیر مقدم

حکومت مذاکرات کیلئے ہمیشہ تیار رہی ہے، دیکھنا ہے اپوزیشن بات چیت کے لیے کتنی جلدی تیار ہوتی ہے، شہباز شریف

اگر وزیر اعظم واقعی اس حوالے سے کوئی عملی قدم اٹھائیں تو یہ بہت اچھی بات ہوگی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی معاملات بات چیت کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ اگر وزیر اعظم واقعی اس حوالے سے کوئی عملی قدم اٹھائیں تو یہ بہت اچھی بات ہوگی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ کے..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

سرانان اور بولان میں تھانے تباہ، سنجاوی اور دالبندین میں دھماکے

سرانان میں تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے تباہ کر دیا گیا، بولان میں عمارت اور ریکارڈ نذر آتش

سنجاوی میں ڈیم کو اڑا دیا، چاغی میں لوکل گورنمنٹ ریسٹ ہاس کو آگ لگا دی گئی

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سرانان تھانے اور بولان میں عطن تھانے پر مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے حملہ کر دیا۔ بولان میں عمارت اور ریکارڈ نذر آتش کر دیا گیا۔ سنجاوی میں ڈیم کو اڑا دیا گیا۔ چاغی میں لوکل گورنمنٹ ریسٹ ہاس کو آگ لگا دی گئی۔ دھماکوں میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

دفاعی فورسز ایکٹ 2026 قومی اسمبلی سے منظور، چیف آف ڈیفنس فورسز وزیر اعظم کے اعلیٰ فوجی مشیر ہونگے

اسمبلی سے اپوزیشن نے ووٹ کے عمل کا بائیکاٹ کرتے ہوئے ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کیا، اعمل ولی خان کا سخت ردعمل

معرکہ حق میں افواج پاکستان اسی کو آرڈیننس میں لڑیں اور پاکستان کو اللہ نے فتح دی ہے، اعظم نذیر تارڑ کی بات چیت

27 ویں آئینی ترمیم میں چیف آف ڈیفنس فورسز کا دفتر بنایا، بکریٹریٹ کے قیام کے حوالے سے مل متعارف کرایا ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی اور سینٹ نے پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 منظور کرلیا، ایکٹ تیرہ نومبر 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ جمعرات کو اعتکاف راولپنڈی کے ذریعے اسمبلی اجلاس ہوا، وزیر اعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے اور اپوزیشن نشستوں پر جا کر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مصافحہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور عامر ڈوگر سے..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے ملاقات کر رہے ہیں

لاء کالجز کے معیار تعلیم کا ہر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، چیف جسٹس

وکلاء کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے، لاء گریجویٹس کو پڑھانے کی بجائے صرف ڈگریاں دی جا رہی ہیں، روش بدلنا ہوگی، جسٹس کامران ملائیل

دور دراز علاقوں کے سائلین اور وکلاء کی سہولت کیلئے ہائیکورٹ میں ویڈیو لنک اور کیمپ کیلئے بنچ و بنڈ آپریشن شروع کیا جا رہا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران ملائیل نے کہا ہے کہ وکلاء کی بڑھتی تعداد کے پیش نظر لاء کالجز کے معیار تعلیم اور طریقہ تدریس کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، جبکہ دور دراز علاقوں کے سائلین اور وکلاء کی سہولت کے لیے ہائی کورٹ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

باب المدینہ میں جاں بحق پاکستانیوں کی میتیں کراچی منتقل

اسلام آباد (م ذ) یمن کے حوثیوں کے حملے میں جاں بحق ہونے والے 2 پاکستانیوں کی میتیں اور زخمیوں کو لے کر جدہ سے پرواز کراچی پہنچ گئی جبکہ دیگر زخمیوں کو اسلام آباد ایئر پورٹ بھیجا گیا ہے۔ ایئر پورٹ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیخلاف معاشی جنگ شروع کر رہے ہیں، ٹرمپ

غیر معمولی چیلنج پر معاشی جنگ اور ایران کو تنہا کرنے کی کارروائی ہوگی، صدر

واشنگٹن (م ذ) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کیخلاف معاشی جنگ چھیڑ دی، دنیا کو خبردار کیا ہے کہ وہ تیل کی اسمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کی معاشی تعلق توڑ لے..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیخلاف معاشی جنگ کا اعلان امریکی شکست ثابت ہوگا، عباس عراقچی

امریکی پابندیاں دنیا بھر کے ممالک خاص طور پر تجارتی لیئے خطرہ ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

امریکہ نے انکی ناکامی کا نام معاشی جنگ رکھ دیا، بتاؤ کون ہتھیار استعمال کریگے: ڈکام

تہران (م ذ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف نام نہاد معاشی جنگ کا اعلان امریکا کے لیے..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست واپس

نظر ثانی درخواست کیساتھ بیرچ بلس عمل نہ ہونے کا اعتراض عائد

چیف منسٹر اسلام آباد کی نظر ثانی کی درخواست اعتراض لگا کر..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم پاکستان جناب محمد شہباز شریف کی طرف سے



URAAN PAKISTAN
تو ہی ہے پرواز ہے کام ترا

پینشنرز
کی آسانی کیلئے احسن اقدام

وزارتِ داخلہ و انسدادِ منشیات | وزارتِ خزانہ | وزارتِ دفاع
کے زیرِ انتظام
کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس | ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل
اور نادرا کا اشتراک

اب بینک جانے کی ضرورت نہیں
نادرا Pak ID موبائل ایپ کے ذریعے
پروف آف لائف سرٹیفکیٹ
کا بلا معاوضہ اجراء

گھر بیٹھے باآسانی
پروف آف لائف سرٹیفکیٹ
حاصل کریں
بلا تعطل پینشن کی فراہمی
یقینی بنائیں

طریقہ کار
e-sahulat
پروف آف لائف سرٹیفکیٹ موبائل ایپ کے علاوہ قریبی بینک/ایکسچینج e-sahulat کاؤنٹر پر سے بھی بنوایا جا سکتا ہے

Pak-ID App ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے سکین کریں

- Pak ID ایپ میں اکاؤنٹ بنا کر لاگ ان کریں اور Proof of Life پر جائیں۔
- اگر بزرگ خود ایپ استعمال نہیں کر سکتے تو ان کے اہل خانہ (یعنی شریک حیات، بیٹا، بیٹی، والدین، بہن یا بھائی) میں سے کوئی بھی ان کیلئے یہ عمل سرانجام دے سکتا ہے۔
- ایپ میں تصویر/انگلیوں کے نشانات کی تصدیق مکمل کریں
- اور پروف آف لائف سرٹیفکیٹ حاصل کریں، جو خود کار طریقے سے متعلقہ پنشن کنٹرولر کو منتقل ہو جائے گا۔

پہلے مرحلے میں یہ سہولت CGA کے زیر انتظام وفاقی و صوبائی اکاؤنٹس جنرل بشمول گلگت بلتستان و آزاد کشمیر اور MAG کے زیر انتظام تینوں مسلح افواج کے تمام پنشنرز کے لئے مہیا کر دی گئی ہے۔

بیرون ملک مقیم Pensioners بھی سفارت خانے جانے کی بجائے Pak ID موبائل ایپ سے پروف آف لائف جمع کرا سکتے ہیں۔

کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس اور ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل کا کردار: پنشن اصلاحات | پنشنر ویری فیکیشن نظام کی پالیسی، نگرانی اور راہنمائی

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
www.moib.gov.pk | GovtofPakistan | govtofpakistan | GovtofPakistan | govtofpak
PID(I) 1747-D/26

ڈائریکٹر پایف بلوچستان خاتم مومند سے ایم (شہید ساتق) کافلہ مزکری قائد کریم سمالانی کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان کی ترقی کیلئے پیپلز پارٹی کی جدوجہد جاری ہے
وزیراعلیٰ کی قیادت میں ڈھائی سال کے دوران ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے

مخلوط صوبائی حکومت پانچ سال پورے کرے گی، اختر بلوچ کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اختر بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی صوبے کی مضاکی خوشحالی اور ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی قیادت میں ڈھائی سال کے دوران بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کئے گئے ہیں، جس سے صوبے کے عوام بھرپور استفادہ کر رہے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی قیادت میں اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔ یہاں جاری ہوئے دالے ایک بیان میں اختر بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب اور محروم طبقے کی جامعت ہے اور پیپلز پارٹی کے ہی پرعزیز اقتدار آتی ہے، عوام کی بلاتفکر مسلسل خدمت کو یقینی بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی قیادت میں اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔

پیپلز پارٹی کے ورکرز بنیادی حقوق سے محروم ہیں، اشفاق شاہوانی
ہزاروں ملازمتوں کے باوجود تعلیم یافتہ پارٹی ورکرز روزگار سے محروم ہیں

صوبائی تنظیم کی عدم تکمیل سے پارٹی ورکرز میں مایوسی بڑھ رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اشفاق شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبے میں ہماری حکومت ہونے کے باوجود ہی ورکرز آج بھی اپنے جائز اور بنیادی حقوق سے محروم ہیں، ایم این اے سے صرف اپنی ذات یا خاندان تک محدود رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں اشفاق شاہوانی نے کہا کہ صوبے میں ہزاروں کی تعداد میں ملازمتوں پر بھرتیاں ہوئی ہیں، مگر اپنی اپنی قسموں کے ساتھ کہا پہنچا ہے کہ پارٹی کے تعلیم یافتہ، نوجوار ورکر جیالے آج بھی روزگار سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں پیپلز پارٹی بحران کا شکار ہے، پچھلے ڈھائی سال سے صوبائی تنظیم نامکمل ہے، پارٹی صدر اور جنرل سیکرٹری خود کو جیالے ظاہر کرتے ہیں، جس کی وجہ سے ورکرز میں مزید مایوسی پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی کام انتہائی سست روی کا شکار ہیں، جبکہ اس جانب کے مسائل اس قدر بڑھ چکے ہیں کہ سڑکیں قومی شاہراہیں مخدوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور دوں کے مسائل اور ان کے جائز بنیادی حقوق فراہم کرنے میں عدم دلچسپی کا شکار ہیں، جو کہ ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ ورکروں کے سیاسی حلقوں میں بھی ذکر ہاتا ہے کہ کسی آن تحریک تحریک کیلئے تحریک نہ ہونے دی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہونے کے باوجود ورکر بے حال ہیں، ان کے مسائل حل نہیں ہو رہے۔

کوئٹہ پریس کلب کے باہر ہوا احتجاج مظاہرہ بلوچستان سیپ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر نجیب اللہ زہری، جنرل سیکرٹری حسن قادری شامل ہیں

کنٹریکٹرز کا رقم لیپس کرانے کی تحقیقات کا مطالبہ
قصداً رقم لیپس کرانے کی تحقیقات اور ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ رشوت نہ دینے پر ایک کروڑ 32 لاکھ روپے کی رقم لیپس کرانے کے ذمہ داروں کے خلاف فوری طور پر غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور رقم لیپس کرانے کا جرم ثابت ہونے پر متعلقہ افسران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، بصورت دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن گذشتہ احتجاج پر مجبور ہوگی۔ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن صوبے بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ٹھیکیداروں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے کی اور کسی بھی غیر قانونی عمل کے خلاف آواز بلند کرنے کا موثر آواز اٹھانے کی اور کسی کو جائز حق سے محروم کرنے کے خلاف ذاتیات سے دور رہنے کے لیے کام کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ترجمان نے کیا کہ تنظیم کو حکومت بلوچستان کے محکمہ فنانس کے ذریعے 30 جون کو فنڈز لیپس کر دیے۔ جس کی آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن شدید اعتراض میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف ان تنظیمیں

کوئٹہ جان محمد روڈ سے اپنے بچوں کو اپنے ہوٹل پر بیٹھا کر پریس کلب کے سامنے حکومت سے بازیابی کی اپیل کر رہے ہیں

بدعات اسپیشل جج انسداد دہشت گردی بمقام حب
عظم قریشی جانبداری اختصار ظفر علی طرمان زیر دفعہ (88 ف ف)

مقدمہ نمبر 87/26 FIR نمبر 99/26 سرکار بنام۔ ولی محمد خان وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11-EE ATA CTD تھانہ دار ہرگوہ تارے روڈ اس اسمبلی کا شل

چیلنج ہوئی ہے کہ ولی محمد خان و ملہ چودری عبداللہ قوم سیاہ زر دسا کن خان محمد خانی گوٹھ ساکران ممتاز علی عرف ملا عبدالحق قوم رند سا کن خارانی گوٹھ ساکران، بابا علی ملہ احوالی قوم رند سا کن خارانی گوٹھ ساکران، احسان علی ولد قیصر قوم رند سا کن خارانی گوٹھ ساکران مبلغی ولد احمد قوم رند ملا ہانی سا کن ساکران سا کن حال گوٹھ بلوچ بلوچ ملہ اللہ داد قوم رند ملا ہانی سا کن حال گوٹھ حب، متعلق شاہ محمد قوم بلوچ سا کن زیرو کی گوٹھ اور دیول حب، احمد بخش ولد احمد قوم بلوچ سا کن آرمان حال وارد بوٹی حب، امام بخش ولد غلام محمد قوم زہری سا کن شہداء حال الامارات حب، اشرف ولد عبدالحق قوم بلوچ سا کن دریلی حال حب جرم زیر دفعہ 11-EE ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے لہٰذا رے کیلئے نقل مقدمہ ہذا ہے کہ مذکورہ بالا ملزمان حقائق جاری ہیں یا ان سے کسی مذکورہ مقدمہ میں ہو سکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان دارالامان

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

سیکیورٹی اور شہری سہولیات میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

جلوس و مجالس کے روٹس پر صفائی، بجلی اور طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

میر اللہ یار بادینی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول کے حوالے سے انتظامات کے جائزہ اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) 12 ربیع الاول کے سلسلے میں تیاریوں، سیکیورٹی انتظامات اور دیگر شہری امور کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ یار بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر (ویسٹ) ضیغم احمد رانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران، جماعت اہلسنت کے عہدیداران، علما و کنٹرول اور دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں 12 ربیع الاول کے جلوس و مجالس کے روٹس، صفائی، ستھرائی، سیکیورٹی، بجلی کی فراہمی اور شہریوں کی انتظامات سمیت دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں صفائی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ)، ڈی ایم اے، جیسکو، سوئی گیس، پولیس، ایف سی، محکمہ صحت (DHO) اور دیگر متعلقہ اداروں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر میر اللہ یار بادینی نے ہدایت کی کہ جلوس اور جلوسوں کے تمام روٹس پر صفائی کے مقامات پر بجلی کی بلا تعطل فراہمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں جبکہ شہر اور اہم شاہراہوں پر انتظامی کیمپ و مرحلہ عملی کی جائے۔ انہوں نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ 12 ربیع الاول کے تمام پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، بلیک لیبل ٹیکنیشن، امریجنسی رسپانس، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کو بھی مربوط بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر امن و امان، صفائی، سیکیورٹی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔

نال میں تاحال بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی

نال (آن لائن) میں تاحال بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی، عوامی حلقوں کا مطالبہ نال میں جاحال بینک کی برانچ کی منظوری دے دیئے علاقوں میں تشریف لائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے بینک کے ذمہ دار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نال میں بینک کی برانچ کے قیام کی منظوری جلد دی جائے، تاکہ مقامی تاجروں، کاروں، سرکاری ملازمین اور کاروباری طبقے کو بینکاری کی سہولیات کے لیے مدافعے میں میسر آسکیں۔

جاب فیئر زصنعت اور جامعات کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ وائس چانسلر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "جاب فیئر 2026" کا کامیاب انعقاد، ہزاروں طلبا کی شرکت

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیر اہتمام میں کیمپس اسلام آباد میں طلبہ کے لیے "جاب فیئر 2026" کا میابی سے منعقد ہوا۔ جاب فیئر ملک کی ممتاز کمپنیوں، سرکاری و نجی اداروں، بینکنگ، آئی ٹی، تعلیمی کام، تعلیم، صحت، زراعت اور صنعت کے شعبوں سے وابستہ 30 سے زائد اداروں نے شرکت کی۔ اداروں نے اپنے نمائندہ اسٹالز قائم کر کے شرکاء کو روزگار، انٹرن شپ، کیریئر گائیڈنس، فری ریزمز اور کیریئر کونسلنگ کے حوالے سے معلومات فراہم کیں۔ اس جاب فیئر میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے طلبہ اور فارغ التحصیل نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ 360 سے زائد شرکاء نے اپنے اپنے موضع پر بڑی دلچسپی کے ساتھ اداروں کے نمائندوں سے ملاقات کی اور اپنے کیریئر کے بارے میں رہنمائی حاصل کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ جاب فیئر جیسی سرگرمیاں نوجوانوں کو تعلیم اور عملی میدان کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہیں اور نوجوانوں کو روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل آف سائنسز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر شیر محمد ڈیجیٹل آف سوشل سائنسز کے ڈین، پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید حامد سرشار، سینئر پروفیسر اور چیئرمین انتظامیہ نے تمام شرکاء اور اداروں کے نمائندوں کا شکریہ ادا کیا۔

جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، چیئرمین امپ

شہر کے اندر اور مضافاتی علاقے جرائم پیشہ عناصر کے نرغے میں ہیں، ضلعی پولیس چوکن شہر اور مضافات میں بڑھتی ہوئی وارداتیں، لیٹیوں پر اگر کی بے رحمی، بے راہ وارداتوں کی پوائنٹ سوٹر سائیکلیں چھینے چوری رابڑی لوٹ مار، بے گھری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چوکن ڈاکوؤں کا راج قائم ہو چکا ہے اور پولیس انتظامیہ عوام کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ بلوچ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ شہر کے اندر اور مضافاتی علاقے جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں۔ لوگوں کو سرعام گولیاں مارنے اور لوٹنے کے اندر اور مضافاتی علاقے جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں۔ دن دیہاڑے ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ چوکن میں اندھیر نگری چوپٹ راج کا منظر ہے۔ شہری غیر محفوظ ہیں۔ موٹر سائیکلیں چھیننے کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ دکانداروں سے تفتی اور موبائل چھینے جا رہے ہیں۔

پہلے چھ ماہ بچوں کو صرف ماں کا دودھ ہی پلایا جائے۔ ڈی سی ماہ رین

8 اگست (خ ن) ضلع سبی کے ریسٹ ہاؤس میں ڈی سی ماہ رین کے حوالے سے انٹرنیشنل ایکسلنس ایوارڈ یافتہ ڈی سی ماہ رین کے ساتھ ضلع کے سلیب سے متعلق گفتگو کیا۔ ڈی سی کا مقصد فلاح اور بہتر بریسٹ فیڈنگ پر شعور کو اجاگر کرنا تھا۔ ڈی سی نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان میں ماں کے دودھ کی اہمیت اس کے فوائد

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایڈیٹر: پروفیسر ڈاکٹر سید ممتاز احمد (ایم اے، ایم ایس سی) لیٹوئٹ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ڈال ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر کوئٹہ سے موجود ہیں۔

ٹیلی فون نمبر: 2830228-2835934 / 2829164-2821538-2821626

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 21 اگست 2026ء

اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت: مفاہمت و سیاسی ہم آہنگی کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیش کش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ تعلیمی اداروں کیلئے تیار ہے یا نہیں، پاکستان کی معاشی ترقی پر منحصر ہے کہ وہ تعلیمی معاملات کو چیت کرنے کو ترجیح دیتا ہے یا نہیں ہوگا۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وزارت پٹرولیم کا دعویٰ ہے کہ پٹرول کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی کی ہے جو خوش آئند ہے، حکومت عام آدمی کو جہاں سے بھی ممکن ہو چیت کرے ریلیف دے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کے ساتھ باقاعدہ بات چیت کیلئے تیار ہے، وزیراعظم کا کہنا تھا کہ قومی اسمبلی میں بھی میں نے اس کی پیش کش کی تھی اور آج پھر یہ بات دہرانا چاہتا ہوں کہ ہم تیار ہیں اپوزیشن کو چیلنج نہیں کرتا ہوں کہ وہ آئیں اور چیت کر بات کریں، معاملات کو بات چیت سے طے کریں تاکہ پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دے سکیں لیکن تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا تعلیمی ماحول تیار ہوتے ہیں یقیناً وزیراعظم کا یہ موقف اور اپوزیشن کو وفاقی دعوت موجودہ حالات میں نہ صرف جمہوری تقاضوں سے ہم آہنگ ہے بلکہ قومی مفاد کی بھی عکاس ہے۔ ہم اس وقت جن حالات سے دوچار ہیں ان کا تقاضا کسی سیاسی محاذ آرائی، الزام تراشی اور باہمی کشیدگی میں اضافہ نہیں بلکہ ایک اجتماعی فہم و بصیرت، سنجیدگی، تدبر اور مشترکہ کاوشوں کا متقاضی ہے۔ ملک کو معاشی استحکام درکار ہے، توانائی کے مسائل کا سامنا ہے، خطے میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے اثرات ہماری معیشت اور عام آدمی کی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں، جبکہ سیاسی اختلاف بھی معاشی ترقی کے لئے بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ ایسے حالات میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان کم از کم ان قومی معاملات پر اتفاق رائے پیدا ہونا چاہئے جن کا تعلق براہ راست پاکستان کے مستقبل، عوام کی خوشحالی اور ملک کی سلامتی سے ہے۔ وزیراعظم نے چاردیم مصنوعات کے حالیہ سے بھی موجودہ صورتحال کی تلخی کا ذکر کیا، خلیج اور آبنائے ہرمز میں پیدا ہونے والی کشیدگی نے عالمی سطح پر توانائی کی رسد کو متاثر کیا ہے اور پاکستان چونکہ توانائی کا بڑا درآمد کنندہ ہے، اس لئے اس کے اثرات سے محفوظ رہنا آسان نہیں۔ حکومت کی جانب سے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کی، عام آدمی کو ریلیف دینے کی کوشش اور حتمی صورتحال کے آغاز پر پی ایس ڈی پی میں کٹ لگا کر 128 ارب روپے فراہم کرنے جیسے اقدامات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ موجودہ مشکل ماحول میں عوام کو ریلیف دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ یقیناً معاشی مشکلات کا مکمل خاتمہ ایک دن میں ممکن نہیں، لیکن مشکل حالات میں عوام کو محکمہ حفاظت سہولت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری بھی ہے اور اس صورتحال سے اقدامات قابل قدر بھی ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ عالمی سطح پر پیدا ہونے والی کشیدگی کے اثرات صرف کسی ایک حکومت یا سیاسی جماعت تک محدود نہیں رہتے۔ جب تیل کی عالمی قیمتیں بڑھتی ہیں، سپلائی لائنز متاثر ہوتی ہیں یا خطے میں امن و امان کی صورتحال خراب ہوتی ہے تو اس کا اثر پورے ملک کی معیشت، صنعت، تجارت، روزگار اور عام شہری کے گھریلو بجٹ پر پڑتا ہے۔ ایسے وقت میں اگر ملک کی سیاسی قوتیں باہم دست و گریباں رہیں، تو مشکلات مزید کو معمولی اور کسی مفاد اختیار کرے تو بحرانوں کا مقابلہ زیادہ موثر انداز میں کیا جا سکتا ہے۔ یہی وہ بنیادی نکتہ ہے جس کی روشنی میں وزیراعظم کی جانب سے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ سیاسی اختلاف جمہوریت کا لازمی حصہ ہے اور حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرنا اپوزیشن کا حق ہے۔ اسی طرح حکومت پر بھی لازم ہے کہ وہ اختلاف رائے کو جمہوری عمل کا حصہ سمجھے اور تنقید کو برداشت کرے۔ لیکن اختلاف اور دشمنی میں فرق ہوتا ہے۔ حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کی سیاسی حریف ضرور ہو سکتی ہیں، مگر دونوں کی منزل پاکستان کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور ملک کا استحکام ہونی چاہئے۔ اپوزیشن کو بھی وزیراعظم کی اس پیش کش کو اسی جذبے سے دیکھنا چاہئے۔ مذاکرات میں بیٹھنے کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی فریق اپنی سیاسی شناخت، موقف یا اصولی اختلافات سے دستبردار ہو جائے گا۔ مذاکرات کا بنیادی مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ اختلافات کو تصادم کے بجائے مکالمے کے ذریعے کم کیا جائے، ایک دوسرے کا موقف سنا جائے اور ایسے نکات کی تلاش کی جائے جہاں قومی مفاد پر اتفاق ہو سکتا ہو۔ جمہوریت میں اختلاف رائے ایک حق ہے، لیکن اختلاف کو مذاکرات کی میز تک لے جانا ہی سیاسی بلوغت کی علامت ہے۔ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ جب سیاسی قوتیں ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کے دروازے بند کر دیتی ہیں تو بحران طول پکڑتے ہیں۔ اس کے برعکس جب قیادتیں مشکل حالات میں بھی مذاکرات کا راستہ اختیار کرتی ہیں تو بڑے سے بڑا مسئلہ حل کرنے کی گنجائش پیدا ہو جاتی ہے۔ دنیا کی کامیاب جمہوریتوں میں سیاسی جماعتیں شدید اختلافات کے باوجود قومی امور پر ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھتی ہیں۔ انتخابات، معیشت، خارجہ پالیسی، دفاع، آئینی معاملات اور قومی سلامتی جیسے اہم موضوعات پر متبع اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پاکستان کو بھی اسی سیاسی شعور کی ضرورت ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ اس دروازے کو کھلی طرح کھلا رکھے اور اپوزیشن کے تحفظات کو سنے، جائز مطالبات پر توجہ کرے، مالیاتی امور یا دیگر موضوعات پر سنجیدہ گفتگو کرنا اور جہاں ممکن ہو اتفاق رائے پیدا کرنا ہی مذاکرات کی روح ہے۔ صرف دعوت دینا کافی نہیں بلکہ مذاکرات کو تعمیر خیز بنانے کے لئے ماحول، اعتماد اور برداشت بھی پیدا کرنا ہوگی اسی طرح اپوزیشن کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ احتجاج، جلسے، سیاسی دباؤ اور پارلیمانی سرگرمیاں جمہوری سیاست کا حصہ ہیں، لیکن ہر معاملے کا آخری حل تصادم نہیں ہو سکتا۔ ملک پہلے ہی متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ ایسے میں اگر سیاسی قوتیں مسلسل ایک دوسرے کو کمزور کرنے میں مصروف رہیں گی تو نقصان کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پورے ملک کا ہوگا۔ عوام سیاسی جماعتوں سے محض ایک دوسرے کے خلاف بیانات نہیں بلکہ ایسے مسائل کے حل کی توقع رکھتے ہیں۔ آج پاکستان کو سب سے زیادہ ضرورت سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کی ہے۔ ملک کی کامیابی اسی سب کی کامیابی ہے۔ یہ وقت اتفاق رائے، مفاہمت اور رواداری اور صبر و تحمل جیسا احساس ذمہ داری کا ہے قومی مفاد کا تقاضا یہی ہے کہ قومی مسائل پر مشترکہ سوچ اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جائے اور مکالمے کو فروغ دیا جائے۔

حکومت کے ہوش آڑانے والا فیصلہ

برملا

نصرت جاوید

وطن کی تاریخ میں پہلی بار ایک ہی دن میں ایک ہی ایجنڈے پر پاکستان کی تین اعلیٰ عدالتوں کے سربراہ اپنے اپنے عہدوں سے سبکدوش ہو گئے۔ اس دن کے بعد سے ہمارے ہاں سیاسی اور صحافتی تاریخ کے ماہرین دن میں سے ایک دن تلاش کرنے میں مشکل کی سے پڑ رہے ہیں کہ پورے ملک کو ایک ہی دن میں کیسے ہوش آڑانے والا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ دل مضطر کو مطمئن رکھنے کے لئے ایسے اور دو اجزا جمع ہوئی۔ اس کا جمع و منع استعمال گہری نیند کے حصول کیلئے ازاری ٹھہرایا گیا۔ فاضلان نے اپنے اپنے عہدوں کو چھوڑنے کے باوجود ڈائریوں کے لیجے میں کلمہ گویوں کیں۔

عجب اتفاق ہے کہ سرکاری ڈائریوں پر مشتمل بورڈ نے عمران خان کے خلاف فیصلہ دیا تو ڈیڑھ گھنٹے کے بعد ہی ان اوہ بابے کا استعمال ضروری سمجھا ان میں تیسرے نے بھی اسی استعمال کرنا لازمی ہے دل کے دماغ کے جو نیٹ جو بھی ہو۔ جدید آلات سے لیس کسی اسپتال میں ممکن ہیں

علمی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED
تمام اشتہار، ایڈیٹ کیے بغیر شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے نتیجے کے بارے میں ادارہ ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اشتہار دینے سے پہلے اچھی طرح تسلی کر لیں کہ اشتہار میں درج مواد سے کسی کی دل آزاری یا کسی قانون کی خلاف ورزی نہ ہو۔
اشتہار کے مواد کی ذمہ داری مکمل طور پر اشتہار دینے والے کی ہوگی۔
اشتہار کے غلط یا گمراہ کن ہونے کی صورت میں یا کسی قسم کی شکایت کی صورت میں ادارہ کسی بھی وقت اشتہار شائع کرنے سے انکار کر سکتا ہے یا اشتہار کو ایڈٹ کر سکتا ہے یا اشتہار کو مسترد کر سکتا ہے یا اشتہار کو بغیر کسی وجہ بتائے شائع نہ کرنے کا حق رکھتا ہے۔
اشتہار کی اشاعت کے بعد اگر کسی قسم کی شکایت یا اعتراض سامنے آئے تو ادارہ کسی بھی وقت اشتہار کو روک سکتا ہے یا اشتہار کو مسترد کر سکتا ہے۔
اشتہار کی اشاعت کے بعد اشتہار دینے والے کو اشتہار کی مکمل ذمہ داری قبول کرنا ہوگی

قلات، ڈی سی ایجنسٹر عائشہ بزدی سے مراد بلوش بلوچ اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

لسبیلہ میں بریسٹ فیڈنگ منتھ کے حوالے سے سیمینار

ہی فوائد اور بریسٹ فیڈنگ پریکٹسز کے حوالے سے شعور اجاگر

اوتھل (نامہ نگار) ضلع لسبیلہ میں بریسٹ فیڈنگ منتھ 2026 کے حوالے سے ضلعی سطح کے سیمینار، تقریبات کے مطابق ضلع لسبیلہ میں بریسٹ فیڈنگ منتھ 2026 کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس اوتھل میں ضلعی سطح کا ایم آئی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کا مقصد ماں اور نوزائدوں میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور اس کے ضمنی فوائد اور بہتر بریسٹ فیڈنگ پریکٹسز کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر فریدہ بلوچ نے کی۔ سیمینار کو ڈاکٹر ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر محمد یوسف رودھو نے کیا۔ انہوں نے اپنے تعارفی کوخش آمدید کہا اور بریسٹ فیڈنگ منتھ منانے کے مقاصد اور اس کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے بلوچستان نیوٹریشن کلاسٹر کا ایک کلسٹر ہونے کا تعاون یہ جاری تعاون پر یونیسیف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر سید فرید اللہ شاہ

بلوچستان میڈیا فورم صوبائی سینٹرل کمیٹی کے اراکین کا اعلان

کوئٹہ ڈویژن کیلئے عامر شنگوش جوری صدر، عبدالنان صالحی کو جنرل سیکرٹری مقرر

